PR NO 57

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کے افسران کی اٹک میں کھلی کچہری

متعدد شکایت کنندگان کی پاسپورٹ، گیس، بجلی اور نادرا کے خلاف شکایات موقع پر ہی حل کروا دیں

اسلام آباد (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا اور خالد سیال نے گزشتہ روز اٹک میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کر کے پاسپورٹ، گیس، بجلی اور نادرا کے خلاف متعدد شکایات موقع پر ہی حل کروا دیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام، پاکستان ریلوے، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ وفاقی اور صوبائی محکموں کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں۔ زیادہ تر شکایات بجلی و گیس کے کنکشن اور زائد بلوں، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام سے مالی امداد نہ ملنے، پاسپورٹ اور شناختی کارڈ کے اجراء میں تاخیر سے متعلق تھیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ ان کے بجلی کے ناجائز بل درست نہیں کئے جا رہے۔ بجلی و گیس کے کنکشن کے لئے ڈیمانڈ نوٹس جمع کرائے مگر ابھی تک ان کے کنکشن نہیں لگے۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے اٹک میں ضلعی انتظامیہ کے افسران سے بھی ملاقات کی اور ان سے عوامی مسائل کو حل کرنے کے حوالے سے بات کی۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کی ٹیم نے نادرا آفس کا دورہ کیا اور وہاں حسن انتظام اور کارکردگی کو سراہا۔ نادرا کے افسران نے شکایات کو فوری حل کر کے رپورٹ بھی پیش کر دی۔ کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران اور اٹک کی اسسٹنٹ کمشنر شگفتہ جبین سمیت ضلعی انتظامیہ کے مقامی افسران اور میڈیا کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

07 نومبر 2024ء